دوسرا ون ڈے: زمبابوے سلیکٹ نے پاکستان شاہینز کو 80 رنز سے ہرادیا، عامر جمال کی پانچ وکٹیں،

ہرارے، 19 مئی 2023:

ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے دوسرے ون ڈے میں پاکستان شاہینز کے کپتان عمران بٹ نے ٹاس جیت کر زمبابوے سلیکٹ کو پہلے بیٹنگ دی جو 38 اعشاریہ 5 اوورز میں 236 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

جواب میں پاکستان شاہینز 37 اعشارہ 3 اوورز کی بیٹنگ میں 156 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔۔

زمبابوے سلیکٹ کی پانچ وکٹیں عامر جمال اور شاہنواز دھانی کی عمدہ بولنگ کے نتیجے میں صرف 57 رنز پر گرگئی تھیں۔ آؤٹ ہونے والوں میں تجربہ کار کریگ ارون اور شان ولیمز بھی شامل تھے دونوں کو عامر جمال نے آؤٹ کیا۔

اس موقع پر رائن برل اور کلائیو مداندے نے چھٹی وکٹ کی شراکت میں 88 رنز کا اضافہ کیا۔ یہ شراکت بھی عامر جمال نے مداندے کو 43 رنز پر آؤٹ کرکے ختم کی۔

عامر جمال نے کپتان ویلنگٹن مازاکادزا اور وکٹر نیاؤنکی کو بھی آؤٹ کردیا۔

رائن برل 47 رنز بنا کر مہران ممتاز کی گیند پر بولڈ ہوئے۔

پاکستانی ٹیم کو اسوقت مایوسی کا سامنا کرنا پڑا جب گیارہویں نمبر کے بیٹسمین بلیسنگ موزارابانی نے صرف چوبیس گیند پر 50 رنز ناٹ آؤٹ کی جارحانہ اننگز کھیل ڈالی جس میں 7 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ اس جارحانہ نصف سنچری اور آخری وکٹ کی شراکت میں بننے والے 67 رنز کے نتیجے میں میزبان ٹیم 236 رنز تک پہنچنے میں کامیاب ہوگئی۔

عامر جمال نے اپنی عمدہ بولنگ کے سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے دس اوورز میں 75 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں جو ان کی ون ڈے کرکٹ میں بہترین بولنگ ہے۔ پچھلے میچ میں انہوں نے 35 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

شاہنواز دھانی نے 36 رنز دے کر دو کھلاڑی آؤٹ کیے۔

پاکستان شاہینز کا آغاز مایوس کن رہا۔ اننگز کی پہلی ہی گیند پر چتارا نے صائم ایوب کو ایل بی ڈبلیو کر دیا۔ کامران غلام بھی کوئی رن بنائے بغیر آؤٹ ہوئے۔ محمد حریرہ نے 33 رنز بنائے جس میں ایک چھکا اور چار چوکے شامل تھے۔

حسین طلعت کے 10 اور حسیب اللہ کے 8 رنز پر آؤٹ ہونے کے بعد عمران بٹ اور مبصر خان نے چھٹی وکٹ کی شراکت میں 73 رنز کا اضافہ کیا۔ عمران بٹ 81 گیندوں پر 45 رنز بنا کر ایل بی ڈبلیو ہو گئے۔

مبصر خان سات چوکوں کی مدد سے 44 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تو میچ زمبابوے سلیکٹ کے ہاتھوں میں جا چکا تھا۔

میزبان ٹیم کی طرف سے بلیسنگ موزارابانی نے بیٹنگ کے بعد بولنگ میں بھی شاندار پرفارمنس دیتے ہوئے صرف 23 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

شان ولیمز اور وکٹر نیاؤنکی نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

دونوں ٹیموں کے درمیان تیسرا ون ڈے اتوار کے روز کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور۔

زمبابوے سلیکٹ 236 رنز (38 اعشاریہ 5 اوورز) بلیسنگ موزارابانی 50 ناٹ آؤٹ۔ رائن برل 47۔ کلائیو مداندے 43۔ عامر جمال 75/5 وکٹ۔

پاکستان شاہینز۔ 156 رنز (37 اعشاریہ 3 اوورز) عمران بٹ 45۔ مبصر خان 44۔ موزارابانی 23/4 وکٹ ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
pepsi TCL PARKVIEW CITY TRANS GROUP
Pathway Cricket Programme
engro CRICKET COACHING PROJECT
Broadcast & Live Streaming Partners
WILLOW FLOW SPORTS sky sports SuperSport etisalat FOX SPORTS sky SPORT
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial